**23-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

----------------------------------

Music

----------------------------------

☆ عام انتخابات کے چھٹے مرحلے کیلئے انتخابی مہم ختم ہوگئی ہے 58 پارلیمانی حلقوں کیلئے ہفتے کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔
☆ چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک تصادم میں سات ماؤنواز ہلاک ہوئے ہیں۔
☆ تقریباً 6 لاکھ 80 ہزار موبائل کنکشن کی شناخت اِن ویلڈ کے طور پر کی گئی ہے۔
☆ محکمہ موسمیات نے اگلے چار دن کے دوران راجستھان اور گجرات میں انتہائی شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔
☆ بین الاقوامی اولمپک کمیٹی Let's Move India اسکیم کا آغاز کیا ہے تا کہ پیرس اولمپک میں جانے والے بھارتی کھلاڑیوں کا جشن منانے کیلئے لوگوں کو ترغیب دی جاسکے۔

----------------------------------

(Music)

----------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Campaigning**

آج شام انتخابات کے چھٹے مرحلے کی انتخابی مہم ختم ہوگئی۔ آٹھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 58 حلقوں میں اِس مرحلے کے تحت ہفتے کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں بہار کی آٹھ، ہریانہ کی تمام 10، جموں وکشمیر کی ایک، جھارکھنڈ کی چار، دلّی کی تمام ساتوں، اڈیشہ کی 6، اترپردیش کی 14 اور مغربی بنگال کی آٹھ سیٹیں شامل ہیں۔ ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوگی اور شام 6 بجے ختم ہوگی۔

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے آج ہریانہ کے مہندر گڑھ میں انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ کَل کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے اِسی حلقے میں ایک ریلی سے خطاب کیا تھا۔ ہریانہ کی سبھی 10 لوک سبھا سیٹوں کیلئے چناؤ مہم آج ختم ہوگئی۔

اترپردیش کی 14 سیٹوں کیلئے انتخابی مہم بھی آج شام ختم ہوگئی۔ BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ نے امبیڈکر

نگر اور سدھارتھ نگر میں آج پارٹی امیدواروں کے حق میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ پارٹی کے ایک اور سینئر لیڈر راجناتھ سنگھ نے بھی لال گنج میں عوامی جلسہ کیا۔ دوسری طرف سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے پرتاپ گڑھ میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔ BSP کی سربراہ مایاوتی نے بھی مرزا پور میں عوامی جلسے میں حصہ لیا۔x

## LS Delhi Campaign with VC

دلّی ساتوں لوک سبھا سیٹوں کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہوگئی۔ عام انتخابات کے چھٹے مرحلے کے تحت یہاں سنیچر کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کُل 162 امیدوار میدان میں ہیں جن میں BJP کے منوج تیواری اور بانسری سوراج اور عام آدمی پارٹی کے سومناتھ بھارتی اور کلدیپ کمار اور کانگریس کے کنہیا کمار اور جے پی اگروال شامل ہیں۔ اِن امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ ڈیڑھ کروڑ رائے دہندگان کریں گے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC Suparna**

مختلف سیاسی پارٹیوں کے اہم لیڈروں نے آج انتخابی مہم کے آخری دن ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے روڈ شو اور عوامی جلسے کئے اور گھر گھر جاکر لوگوں سے ووٹ مانگے۔ اپنے وعدوں، حصولیابیوں کو اجاگر کرتے ہوئے اور الزامات نیز جوابی الزامات لگاتے ہوئے BJP اور عام آدمی پارٹی و کانگریس کے مشترکہ لیڈروں نے ووٹروں کی حمایت حاصل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی۔ BJP نے تمام سات سیٹوں پر اپنے امیدواروں کو کھڑا کیا ہے جبکہ اتحاد کے تحت عام آدمی پارٹی چار سیٹوں پر اور کانگریس تین لوک سبھا سیٹوں پر انتخابات لڑ رہی ہے۔

پچھلے دو لوک سبھا انتخابات میں BJP نے تمام ساتوں سیٹیں جیتی تھیں اور اِس مرتبہ بھی اپنی فہرست کو برقرار رکھنے کیلئے پارٹی کوئی کسر اٹھا نہیں رکھ رہی، جبکہ کانگریس اور عام آدمی اتحاد بھی اِس مرتبہ BJP سے جیت چھیننے کیلئے پورے طور پر مقابلہ آرائی کیلئے تیار ہے۔

آکاشوانی خبروں کیلئے دلّی دیواکر اور سپرنا سیکیا کی رپورٹ کے ساتھ میں ضمیر رضوی

## Fifth Phase Voter Turnout

لوک سبھا انتخابات کے 20 مئی کو ہوئے پانچویں مرحلے میں کُل 62 اعشاریہ دو صفر فیصد پولنگ درج کی گئی۔ انتخابی کمیشن کے مطابق خواتین رائے دہی کا سب سے زیادہ 78 اعشاریہ چار-تین فیصد تناسب، مغربی بنگال میں درج کیا گیا۔ خواتین رائے دہی کے معاملے میں 74 اعشاریہ سات- سات فیصد تناسب کے ساتھ اڈیشہ دوسرے مقام پر رہا۔

وہیں مہاراشٹر میں خواتین ووٹنگ کا تناسب سب سے کم 55 اعشاریہ تین دو فیصد رہا۔

اسی طرح جموں وکشمیر میں خواتین ووٹنگ کا تناسب 55 اعشاریہ چھ-تین فیصد ریکارڈ کیا گیا۔

تیسری جنس کی رائے دہی کے معاملے میں بہار میں سب سے کم صرف چھ فیصد پولنگ ہوئی۔

انتخابی کمیشن نے بتایا کہ جموں وکشمیر میں 59 فیصد، بہار میں تقریباً 57 فیصد، جھارکھنڈ میں 63 فیصد، لداخ میں قریب 72 فیصد، مہاراشٹر میں تقریباً 57 فیصد، اڈیشہ میں لگ بھگ 74 فیصد، اترپردیش میں 58 فیصد اور مغربی

بنگال میں 78 فیصد پولنگ ہوئی ہے۔
لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کے تحت 6 ریاستی اور 2 مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 49 پارلیمانی سیٹوں کیلئے ووٹنگ ہوئی تھی۔ اِس مرحلے میں کُل 695 امیدوار انتخابی میدان میں تھے۔ x

## Medinipur Loksabha Constituesny Profile

لوک سبھا انتخابات کے اہم پارلیمانی حلقوں کے بارے میں جائزہ پیش کرنے کے سلسلے کے تحت ہم آج مغربی بنگال کے میدنی پور لوک سبھا حلقے سے متعلق رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

V/C- Kalyan Laha

میدنی پور لوک سبھا سیٹ کے تحت سات اسمبلی حلقے آتے ہیں جہاں 2024 کے عام انتخابات کے تحت 25 مئی کو پولنگ ہوگی۔
یہ اسمبلی حلقے ہیں: ایگرا، دَنتن، کیشیاری، کھڑک پور صدر، نارائن گڑھ، کھڑک پور اور میدنی پور۔
میدنی پور میں مجموعی طور پر 18 لاکھ رائے دہندگان ہیں، جن میں خواتین ووٹروں کا تناسب قریب 50 فیصد ہے۔ میدنی پور سے موجودہ رکن پارلیمنٹ BJP کے دلیپ گھوش ہیں۔ وہ اِس مرتبہ مغربی بنگال کی وردھمان- دُرگا پور سیٹ سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔
میدنی پور حلقے سے اِس مرتبہ BJP نے اگنی مترا پال کو ٹکٹ دیا ہے جبکہ ترنمول کانگریس نے جُون مالیا کو میدان میں اتارا ہے۔
وہیں CPI نے بِپلَب بھٹّا کو امیدوار بنایا ہے۔ میدنی پور سے BJP کی امیدوار اگنی مِترا پال، فی الحال آسنسول پارلیمانی سیٹ کے تحت آنے والے آسنسول جنوب اسمبلی حلقے کے رکنِ اسمبلی ہیں۔ وہ مغربی بنگال کی BJP خواتین مورچہ کی صدر بھی رہی ہیں۔ ترنمول کانگریس کی جُون مالیا، میدنی پور اسمبلی حلقے کی رکنِ اسمبلی ہیں۔ جُون مالیا، بنگالی فلمی صنعت سے بھی جڑی رہی ہیں۔
میدنی پور لوک سبھا سیٹ پر اصل مقابلہ BJP اور ترنمول کانگریس کے درمیان ہے۔
کولکاتا سے کلیان لاہہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمداعظم

## Chhattisgarh Maoists Killed

چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن میں آج ایک تصادم میں 7 ماؤنواز ہلاک ہوئے ہیں۔ جائے موقع سے لاشوں کو برآمد کرلیا گیا ہے۔ سینئر پولیس اہلکاروں نے اِس واقعے کی تصدیق کی ہے۔ پولیس کے مطابق یہ تصادم نارائن پور اور دانتے واڑہ ضلعے کی سرحد پر پیش آیا۔ Abujhmad کے جنگلات میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے متعلق ملے ایک سراغ کے بعد سکیورٹی افواج کی ایک مشترکہ ٹیم تلاشی کی کارروائی کیلئے تیار کی گئی۔ اس کارروائی کے دوران Abujhmad کے جنگلات میں ماؤنوازوں نے سکیورٹی اہلکاروں پر گھات لگاکر حملہ کیا اور جوانوں پر اندھادھند فائرنگ شروع کردی۔ سکیورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کے طور پر گولیاں چلائیں۔ دونوں طرف سے چلی گولی باری میں سات

ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ سکیورٹی فورسز کا دعویٰ ہے کہ تصادم میں کئی دیگر ماؤنواز زخمی بھی ہوئے ہیں۔
جائے واقعے سے بڑی تعداد میں ہتھیار اور ماؤنوازوں کا دیگر ساز وسامان ضبط کیا گیا ہے۔x

**Rev. DoT-Fake Connections**

حکومت نے تقریباً 6 لاکھ 80 ہزار موبائل کنکشن کو جعلی اور اِن ویلڈ قرار دیا ہے۔ شبہ ہے کہ یہ کنکشن ناقابل قبول، غیرموجود شخصیات، شناخت اور کے وائی سی کے جعلی دستاویزات کا استعمال کرکے حاصل کئے گئے۔ ٹیلی مواصلات کے محکمے نے ٹیلی مواصلات کی خدمات مہیا کرانے والوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اِن شناخت کردہ موبائل نمبروں کو فوراً دوبارہ ویریفائی کریں۔ خدمات مہیا کرنے والے کمپنیوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ 60 دن کے اندر اِن کنکشن کو دوبارہ ویریفائی کریں۔ محکمے نے مزید کہا ہے کہ دوبارہ ویریفائی کئے جانے کا عمل اگر مکمل نہیں ہوپایا تو متعلقہ موبائل نمبروں کو ڈس کنکٹ کردیا جائے گا۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ مختلف سیکٹروں کے اشتراک اور مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی کے استعمال سے اِن جعلی کنکشنوں کی شناخت کی گئی ہے۔ یہ قدم شناخت سے متعلق جعلسازیوں سے مقابلہ آرائی میں مربوط ڈیجیٹل پلیٹ فارمس کے موثر ہونے کا اظہار کرتا ہے۔x

**Ujani Boat Mishaping Maharasthra**

آفات سے نمٹنے کی قومی فورس، NDRF نے مہاراشٹر کے سولاپور ضلع کے اُجنی ڈیم میں کشتی ڈوبنے کے حادثے میں لاپتہ سبھی 6 افراد کی لاشیں برآمد کرلی ہیں۔

برآمد کی گئی لاشوں میں تین مرد، ایک خاتون اور دو بچے شامل ہیں۔ منگل کے روز پیش آئے اِس حادثے میں ایک شخص تیر کر کنارے تک پہنچنے میں کامیاب رہا۔

ایک دیگر واقعے میں قدرتی آفات سے نمٹنے کی ریاستی فورس، SDRF کے تین اہلکار اُس وقت ہلاک ہوگئے جب وہ احمد نگر ضلعے کی Pravra ندی میں ایک بچاؤ آپریشن کو انجام دے رہے تھے۔

اکولہ ضلع میں دو بچوں کے ندی میں ڈوبنے کے بعد یہ آپریشن شروع کیا گیا تھا۔

بچوں کی تلاش اور بچاؤ کارروائی میں مصروف SDRF کی ٹیم اُس وقت حادثے کا شکار ہوگئی جب اُن کی کشتی ندی میں پلٹ گئی۔ اس حادثے میں SDRF کے تین اہلکار زخمی بھی ہوئے ہیں۔ x

**Buddha Purnima**

گوتم بدھ کی پیدائش کی سالگرہ کے طور پر منائے جانے والا تہوار بدھ پورنیما آج ملک کے مختلف حصوں میں منایا جارہا ہے۔ دنیا بھر میں بودھ اور ہندو اِس دن کو مناتے ہیں اور یہ کئی ملکوں کا ایک بڑا تہوار ہے۔ نیپال، بنگلہ دیش اور سری لنکا کے عوام پیدائش کی سالگرہ کو مناتے ہیں اور اِس موقع پر مہاتما بدھ کی تعلیمات کی دورِ جدید میں معنویت کے موضوع پر کئی سمپوزیم اور تقریبات منعقد کرتے ہیں۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے آج کہا کہ دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب میں جاری سخت گرمی کی صورتحال میں کچھ کمی آئی ہے۔ محکمے کا کہنا کہ راجستھان اور گجرات میں اگلے چار دنوں کے دوران انتہائی شدید گرمی جاری رہنے کی امید ہے۔

آکاشوانی سے خصوصی بات چیت کے دوران محکمۂ موسمیات کے سینئر سائنسداں R.K. جینا منی نے بتایا کہ دلّی میں گزشتہ تین دن کے دوران شدید گرمی کی لہر نہیں ہیں۔ تاہم درجۂ حرارت 40 ڈگری سے زیادہ رہا۔ انھوں نے مزید کہا کہ دلّی میں 25 مئی کو ہورہی پولنگ کے موقع پر دلّی میں گرمی کی لہر کی صورتحال نہیں رہے گی۔

محکمۂ موسمیات کے مطابق بھارت کے مشرقی حصے میں بجلی کی گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

ساتھ ہی جھارکھنڈ، بہار، اڈیشہ اور مغربی بنگال سے اگلے سات دن کے دوران بجلی کی گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی توقع ہے۔ اس دوران 40 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہیں۔

اس کے علاوہ بھارت کے جنوبی حصے میں کل تک شدید سے شدید ترین بارش جاری رہ سکتی ہے۔ x

## Kerala Rain

کیرالہ میں زبردست بارش کا زور جاری ہے اور محکمہ موسمیات نے آج ارناکلم اور تھیروسر ضلعوں کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ آٹھ ضلعوں کیلئے اورینج الرٹ بھی جاری کیا گیا ہے۔ تیز ہواؤں اور خراب موسم کی پیشگوئی کے سبب ماہی گیروں کو خبردار کیا جاتا ہے کہ وہ کیرالہ کے ساحل کے نزدیک واقع سمندر میں ماہی گیری نہ کریں۔ حکام نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ چوکنّے رہیں کیونکہ تھوڑی ہی دیر میں زبردست بارش کی امید ہے جس کی وجہ سے سیلاب کی سی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔ زمین کھسکنے اور پانی جمع ہونے کے واقعات ہوسکتے ہیں۔ تیز ہواؤں اور زبردست بارش کے امکانات کے سبب لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل ہوجانے اور کنٹرول روم سے رابطہ کرنے کی ہدایت دی جاتی ہے۔ فی الوقت ریاست بھر کے آٹھ کیمپوں میں 223 لوگوں کو رکھا گیا ہے۔x

## J&K JKDMA

جموں وکشمیر میں بڑھتے ہوئے درجۂ حرارت کے دوران، جموں وکشمیر کے قدرتی آفات کے بندوبست سے متعلق اتھارٹی JKDMA نے آج پورے ہمالیائی خطے میں اگلے سات دن کے دوران جنگلوں میں آگ کے انتہائی خطرے کی پیشگوئی کی ہے۔ جموں کے آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ JKDMA کا کہنا ہے کہ لوگوں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ فوری ردِّعمل اور مدد کیلئے آگ کے کسی بھی واقعے کی رپورٹ فون نمبر ایک ایک دو پر فوراً دیں۔ البتہ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جموں اور کشمیر کے میدانی علاقوں میں گرمی کی شدت اگلے 6 دن تک جاری رہنے کی امید ہے کیونکہ 31 مئی تک موسم میں کسی اہم تبدیلی کی کوئی امید نہیں ہے۔ یہاں تک کہ پہاڑی ضلعوں میں بھی اگلے 6 دنوں کے دوران گرمی اور خشک موسم کی پیشگوئی کی گئی ہے۔x

## J&K LoC

جموں وکشمیر کے دونوں سرحدی ضلع راجوری اور پنچھ میں بالخصوص لائن آف کنٹرول کے نزدیک کئی سطح پر مشتمل سکیورٹی لگائی گئی ہے۔ اننت ناگ لوک سبھا حلقے کیلئے 25 مئی کو ہونے والے انتخابات کے ایک حصے کے طور پر ایسا کیا گیا ہے۔ سکیورٹی اہلکاروں کی کئی اضافی کمپنیاں تعینات کی گئی ہیں تا کہ فوج، پولیس، CRPF اور بی ایس ایف کے زیر انتظام سکیورٹی نظام کو مزید تقویت دی جاسکے۔ لائن آف کنٹرول کے نزدیک فوجیوں کو الرٹ کردیا گیا ہے اور تمام سرحدی پولنگ مراکز کیلئے سکیورٹی نیز ہنگامی حالات سے متعلق منصوبے تیار کرلئے گئے ہیں۔ اننت ناگ، راجوی پارلیمانی حلقے کیلئے ووٹنگ کی تاریخ 7 مئی طے کی گئی تھی تاہم خراب موسم کی وجہ سے مختلف پارٹیوں کی جانب سے موصول درخواستوں کے بعد اِسے موخر کرکے 25 مئی کردیا گیا تھا۔x

## Israel Hamas

جنگ سے متعلق اسرائیل کی کابینہ نے حماس کے ساتھ یرغمال افراد کی رہائی اور جنگ بندی سے متعلق بلا واسطہ بات چیت کے نئے رہنما خطوط کو منظوری دے دی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق جنگ سے متعلق کابینہ نے مذاکراتی ٹیم کو مطلع کیا ہے کہ وہ یرغمال افراد کی رہائی کیلئے بات چیت جاری رکھیں۔ اِس مذاکراتی ٹیم میں موساد کے سربراہ ڈیوڈ بارنی اور شن بیٹ کے ڈائریکٹر رونین بار بھی شامل ہیں۔ یرغمال افراد کے خاندانوں نے حماس کی جانب سے 7 اکتوبر کو نہال اُز اڈے سے پانچ خواتین فوجیوں کو یرغمال بنائے جانے کا ویڈیو جاری کیا، جس کے بعد جنگ سے متعلق کابینہ کی میٹنگ ہوئی۔ کم از کم 128 افراد اب بھی حماس کے قبضے میں ہیں۔ x

## Putin Trump

The Kremlin نے آج کہا ہے کہ روسی صدر ولادیمیر پتن کا سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ وال اسٹریٹ کے رپورٹر Evan Gershkovich's کی ممکنہ رہائی کے متعلق کوئی رابطہ قائم نہیں۔ ماسکو میں نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے Kremlin کے ترجمان Dmitry Peskov نے سابق امریکی صدر کے اِس بیان کے بعد یہ بات کہی ہے، جس میں انھوں نے کہا تھا کہ وہ Evan کو روس کی قید سے رہا کرانے کیلئے جناب پتن کے ساتھ اپنے تعلقات کا استعمال کریں گے۔ سوشل میڈیا پر ایک پیغام میں جناب ٹرمپ نے لکھا تھا کہ امریکہ میں نومبر میں ہونے والے انتخابات کے بعد یہ کام ہوگا۔Evan Gershkovich's کو جاسوسی کے الزامات کے تحت پچھلے برس مارچ میں روس میں گرفتار کیا گیا تھا۔x

## Malaysian Masters Badminton

بھارت کی بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور اشمتا Chaliha کوالالمپور میں ملیشیا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ سندھو نے جنوبی کوریا کی Yu Jin Sim کو جبکہ اشمتا نے امریکہ کی Zhang کو آج پری کوارٹر میں ہرایا۔x

## Mumbai IOC Launches Let's Move India

بین الاقوامی اولمپک IOC نے Let's Move India نام کی ایک اسکیم شروع کرنے کا اعلان کیا ہے تاکہ لوگوں میں اُن کھلاڑیوں کا جشن منانے کا شوق پیدا ہو جو پیرس میں ہونے والے اولمپک کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ یہ اسکیم ملک بھر کے لوگوں کو سوشل میڈیا پر ایک ڈیجیٹل چیلنج کے ذریعے ایک تحریک میں شامل ہونے کی دعوت دیتی ہے۔

جاری پریس ریلیز کے مطابق نوجوان، 23 جون کو اولمپک دن کے موقع پر علاقائی اسکول کی کئی تقریبات میں حصہ لے سکتے ہیں۔ آج سے آغاز کرتے ہوئے لوگوں کو اس بات کی ترغیب دی گئی ہے کہ وہ اپنے پسندیدہ کھلاڑیوں کے جشن کی تخلیق نو کریں یا خود اپنی ہی تخلیق کریں۔ اِس کا مقصد پیرس 2024 کیلئے جانے والے اولمپک کھلاڑیوں کو تحریک دینا اور اُن کا جشن منانا ہے۔

یہ لوگ 26 جولائی سے ایک ارب چالیس کروڑ لوگوں کی نمائندگی کریں گے۔

IOC نے بھارت کے پہلے انفرادی اولمپک کا سونے کا تمغہ جیتنے والے ابھینو بندرا کے ساتھ یہ اسکیم شروع کی ہے جو IOC کے کھلاڑیوں کے کمیشن کے ممبر بھی ہیں اور یہ ملکر ملک بھر کے اسکولوں کو دعوت نامے بھیجیں گے کہ وہ اولمپک کے اقدار کی تعلیم کے پروگرام کے حصے کے طور پر اِس تحریک میں شامل ہوں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆